© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ کتب

(ادارہ)

اشتراکی نظریات او د ھغے جواب! (پشتو)

تصنیف ۔ مولانا عبدالودود حقانی ۔ قیمت ۱۲ روپے ۔ صفحات ۱۶۸

پتہ :۔ دارالعلوم عربیہ گجرات ۔ ضلع مردان

اس وقت جب کہ پاکستان کے اردگرد منڈلانے والا سرخ سیلاب اور اس کی تباہ کن طوفانی موجیں اہل پاکستان کے لئے ہر گھڑی شدید خطرے، اور بیدار و چوکنا رہنے کا اطلاعی سائرن ہیں ۔

انسانی و اخلاقی قدروں کا دشمن " روس " صرف افغانستان پر قانع نہیں بلکہ وہ اس کو پاکستان کے لئے وسیلہ بلکہ خلیج عرب و جزیرۃ العرب تک کو قبضہ کرنے کا ذریعہ سمجھتا ہے ۔

ان حالات کے پیش نظر ملت اسلامیہ کے ہر فرد کا یہ فرض ہے کہ غم آشیاں کے بجائے "چمن بچاؤ" کی تحریک برپا کر دیں ۔ اور کمیونسٹوں کی سفاکانہ فسطائیت اور شرمناک وحشت و بربریت کے خلاف تحریری و تقریری جہاد میں حصہ لیں ۔

دارالعلوم حقانیہ کے فضلاء جہاں عملی طور پر، افغانستان میں روسی جارحیت کے خلاف برسر پیکار رہیں ۔ وہاں تبلیغی، تقریری اور تحریری ضرورتوں کو بھی پورا کر رہے ہیں ۔ فللہ الحمد

دارالعلوم حقانیہ کے قابل فخر فاضل، مولانا عبدالودود حقانی نے بھی حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم و حضرت مدیر " الحق " مدظلہ کی سرپرستی و رہنمائی میں علاقائی زبان پشتو میں زیر تبصرہ کتاب تصنیف فرما کر کمیونزم اور دہریت کے باطل افکار و نظریات کے خلاف ایک زبردست بند باندھ دیا ہے ۔ جس میں کمیونزم و دہریت کے باطل نظریات اور ملحدانہ عقائد کا خوب نوٹس لیا گیا ہے ۔

کتاب کے شروع میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی گراں قدر تقریظ بھی شامل ہے ۔ چونکہ کتاب اپنے موضوع پر جامع اور بے حد نافع ہے ۔ افادیت عامہ کے پیش نظر ہمیں توقع ہے کہ فاضل محترم اس کو جلد اردو و عربی کے قالب میں بھی ڈھال دیں گے ۔ تاکہ ملت اسلامیہ مکمل طور پر فائدہ اٹھا سکے ۔



© rasailojaraid.com